ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ


پریس ریلیز (496)

**14.10.25**

**بہاول پور( )فرینڈآف پولیس یوتھ انٹرن شپ پروگرام کے شرکا نے گزشتہ روز سیف سٹی مرکز کا مطالعاتی دورہ کیاجہاں انہوں نے کنٹرول روم، مانیٹرنگ اورایمرجنسی رسپانس سسٹمز کامشاہدہ کیا۔طالب علموں نے سائبر سیفٹی، ٹریفک مانیٹرنگ اور کمیونٹی پولیسنگ پر عملی واقفیت حاصل کی۔بہاولپورپولیس / سیف سٹی ٹیم کا شکریہ ایک محفوظ اورباشعور معاشرہ ہمارامقصد ہے۔ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بہاولپور محمد حسن اقبال**

تفصیل کے مطابق وزیراعلی پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے ویژن نوجوان ہمارا سرمایہ اورانسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ڈسٹرکٹ پولیس بہاولپور کی جانب سے فرینڈ آف پولیس یوتھ انٹرن شپ پروگرام منعقد کیا جارہاہے،اس سلسلہ میں گزشتہ روز فرینڈآف پولیس یوتھ انٹرن شپ پروگرام کے شرکا نے سیف سٹی کنٹرول روم بہاولپور کا مطالعاتی دورہ کیا جہاں انہیں استقبالیہ، تعارفی بریفنگ ، کنٹرول روم کی کارکردگی، سی سی ٹی وی مانیٹرنگ، ٹریفک سنٹراورایمرجنسی رسپانس، سیف سٹی کی ساخت اوررولز، کنٹرول روم وزٹ، لائیو مانیٹرنگ، ویڈیوفیڈزاور ریکارڈنگ سسٹمز کی نمائش، ٹریفک مانیٹرنگ ڈیمو، حادثات کی شناخت اور فوری رسپانس کا طریقہ کار، آن لائن دھوکہ دہی اور حفاظتی احتیاطی تدابیر، Q&A سیشن، شرکانے عملی سوالات کیے اور تجرباتی جوابات کے عملی پہلوؤں سے روشناس کروایا گیا۔شرکانے سائبر کرائم،آن لائن سیفٹی اور کمیونٹی پولیسنگ کے متعلق تربیتی سیشن میں بھی شرکت کی اور سوالات کے ذریعے عملی معلومات حاصل کیں۔اس موقع پر سیف سٹی کی انتظامیہ نے نوجوانوں کو عام حفاظت اور قانونی آگہی کے متعلق عملی رہنمائی فراہم کی۔ ہم ان نوجوانوں کے جوش وجذبے اور سیف سٹی ٹیم کے تعاون کے لیے شکرگزار ہیں۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس بہاولپور کی جانب سے جاری یوتھ انٹرن شپ پروگرام میں فرینڈ آف پولیس یوتھ انٹرن شپ پروگرام کے شرکا کا سیف سٹی مرکز کا مطالعاتی دورہ۔

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز((497

14.10.25

**بہاول پور(  )پولیس کی گذشتہ 07روز میں منشیات فروشوں اوراسلحہ ناجائزرکھنے والوں کے خلاف کارروائیاں،61ملزمان گرفتار، ملزمان کے قبضہ سے 10پسٹل 30بور،02 کاربین،02رپیٹر 12بور 01 کلاشنکوف ،20 کلو گرام سے زائد چرس ،2100 گرام ہیروئن،1790 گرام کرسٹل آئس،815 لیٹر شراب،170 لیٹر لہن اور02 عدد چالو بھٹیاں بر آمد، مقدمات درج۔منشیات فروشی میں ملوث ملزمان کو جیل کی سلاخوں کے پیچھے پہنچایا جارہاہے،بہاول پور کو منشیات سے ہر صورت پاک کیاجائے گا۔ڈی پی او محمد حسن اقبال**

تفصیل کے مطابق بہاول پور پولیس نے گذشتہ 07روز کے دوران ناجائزاسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کاروائیاں کرتے ہوئے 15ملزمان کو گرفتار کرکے 10عدد پسٹل 30بور،02عدد رپیٹر 12بور ،02عدد کاربین اور 01عدد کلاشنکوف جبکہ 41عدد روندز برآمد جبکہ منشیات کے خلاف بھرپور کارروائیاں کرتے ہوئے46ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 20 کلو گرام سے زائد چرس،2100 گرام ہیروئن، 11000 گرام بھنگ ،815لیٹر شراب،1790 گرام کرسٹل آئس،170لیٹر لہن اور02 عدد چالو بھٹیاں برآمد کیں۔متعلقہ پولیس نے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کرلیے۔ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال نے ایس ایچ اوز کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ منشیات فروشوں کے خلاف اسی طرح کارروائیاں جاری رکھتے ہوئے مزید موثر کارروائیاں عمل میں لائی جائیں تاکہ معاشرے کو ایسے عناصر سے پاک کیا جاسکے۔ منشیات فروشی ایک لعنت ہے۔جس کو معاشرے سے ختم کرکے ہی دم لیں گے۔ان کے خلاف کریک ڈاؤن اسی طرح جاری رہے گا۔ہمارا عزم جرائم سے پاک معاشرہ ہے۔ان کے خلاف سخت سے سخت ایکشن لیتے ہوئے ان کو کیفر کردار تک پہنچانا ہے۔

ترجمان بہاولپور پولیس



بہاول پور پولیس کی گذشتہ 07روز میں منشیات فروشوں اوراسلحہ ناجائزرکھنے والوں کے خلاف کارروائیاں، 61ملزمان گرفتار